مخفی تشخص

# EUthyroid2مطالعہ میں شرکت کے لیے باخبر رضامندی کا فارم

EUthyroid2

**عزیز شامل کنندہ !**

ہم آپ کو EUthyroid2 آئیوڈین کی کمی کے خاتمے کی طرف اگلا قدم اور آئیوڈین سے متعلق قابل علاج امراض کے عنوان سے تحقیقی منصوبے میں شرکت کے لیے مدعو کرنا چاہتے ہیں۔ آئیوڈین کی کمی دنیا میں غذائی قلت میں سب سے اہم ہے۔ مطالعہ کا مقصد نو عمروں (13 – 17 سال) اور نوجوان خواتین (18 – 24 سال) میں آئیوڈین کی کمی سے متعلق خطرات کے حوالے سے آگاہی کو بہتر بنانا ہے۔ اس مطالعہ میں ہم آپ کو آیوڈین کے متعلق معلوماتی مواد ہے جس میں نئے سائنسی تجربات اور سفارشات پر مشتمل مواد شامل ہو گا فراہم کریں گے ہم آپ کے تجربات اور علم سے سیکھنے کے متمنی ہیں۔ جس سے ہمیں تعلیمی پروگرام کے بارے میں اندازہ ہو گا۔ ہمارے ساتھ شامل ہو کر نہ صرف آپ آئیوڈین کے بارے میں ضروری معلومات حاصل کرپائیں گے بلکہ ساتھ ہی بالواسطہ طور پر آئیوڈین کی کمی سے متعلق امراض کی روک تھام میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ کیونکہ ہم جو ڈیٹا اکٹھا کریں گے اس سے روک تھام کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کیاجائے گا، جو تیار کیے جارہے ہیں۔

آپ کی شرکت مطالعہ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے کلیدی ہے۔ ہم آپ کی شرکت کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

**اس باخبر رضامندی فارم کے دو حصے ہیں:**

- **معلوماتی شیٹ (مطالعہ کے بارے میں معلومات آپ کے ساتھ بانٹنے کے لیے)**
- **رضامندی کا سرٹیفیکیٹ (اگر آپ حصہ لینے کا انتخاب کرتے ہیں تو دستخطوں کے لیے)**

آپ کو مکمل باخبر رضامندی فارم کی ایک کاپی دی جائے گی۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ حصہ لینا مکمل طور پر رضاکارانہ ہے۔ آپ اس رضامندی کو تحریری یا زبانی طور پر کسی بھی وقت بغیر وجہ بتائے اس میں کسی نقصان کے بغیر منسوخ کرسکتے ہیں (رضاکانہ شرکت کے تحت مزید تفصیلات دیکھیں)

**علاقائی انتظام:**
**مرکزی تحقیق کار:**
**ڈاکٹر رحمان محمود خٹک، اسسٹنٹ پروفیسر،**
ڈیپارٹمنٹ آف زوالوجی
اسلامیہ کالج پشاور( پاکستان)
**اسسٹنٹ تحقیق کار:**
**ڈاکٹر خیام**، اسسٹنٹ پروفیسر،
ڈیپارٹمنٹ آف زوالوجی،
اسلامیہ کالج پشاور( پاکستان)

**مطالعہ کوارڈینیشن**
**ہنری فالسکے**
یونیورسٹی میڈیسن انسٹیٹیوٹ فارکمیونٹی میڈیسن،
والٹر / راتھیناؤ، سٹریٹ 48-، گریفسوالڈ - جرمنی

# حصہ اول:
# معلوماتی شیٹ

**ہم آپ کو EUthyroid2پروجیکٹ کے بارے میں معلومات دینا چاہیں گے اور آپ کو شرکت کے لیے مدعو کریں گے۔ براہ کرم درج ذیل معلومات کو غور سے پڑھنے کےلیے مناسب وقت لیں۔ اور اگر آپ چاہیں تو کسی بھی خاندان یا دوستوں سے بلا جھجھک اس پر بات کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں یا فیصلہ کرنے سے پہلے مزید معلومات چاہتے ہیں تو براہ کرم علاقائی انتظامیہ سے رابطہ کریں جس کی تفصیلات صفحہ اول پر دی گئی ہیں۔**

## پروجیکٹ EUthyroid2

EUthyroid2 پروجیکٹ کو ہورائزن یورپ فریم ورک (Horizon Europe Framework Program) کے حصے کے طور پر یورپی یونین اور UK ریسرچ اینڈ انوویشن ایجنسی کی طرف سے مالی اعانت فراہم کی گئی ہے ۔تاکہ نوعمروں اور نوجوانوں میں غیر متعدی بیماریوں کے خطرے کو کم کیا جا سکے۔ چار سالہ پراجیکٹ کو چھ یورپی ممالک (قبرص، انگلینڈ، شمالی ائرلینڈ، ناروے، پولینڈ اور سلووینیا) اور دو غیر یورپی ممالک (بنگلہ دیش اور پاکستان) کے اسکول سیٹنگز (ترتیبات) اور ہیلتھ کیئر سیٹنگز میں ہونے والے دو ذیلی مطالعات میں تقسیم کیا گیا ہے۔) ہم خاص طور پر نو عمر (17 – 13) سال کی آئیوڈین اور اس کی کمی سے متعلق معلومات کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ہمیں ان نو عمروں کی آئیوڈین سے متعلق امراض کی معلومات اور ان کی غذائی عادات کو جاننا ضروری ہے۔ اگر آپ کا بچہ اس مطالعہ میں شرکت کرتا ہے تو اس کو مختلف فارمز کی شکل میں معلومات فراہم کی جائیں گی۔

آپ کے پاس اپنے محاسبہ نفس اور اپنے آئیوڈین کے حصول کے ذرائع کے بارے میں فارم پر کرنے کا موقع ہو گا۔ اس کے علاوہ آپ کا ایک استاد آپ کو آئیوڈین سے متعلق معلومات دے گا اور اس کے علاوہ معلومات کتابچے، مشق، Assignment کی شکل میں دے گا۔ تدریسی مواد کی تاثیر کا جائزہ لینے کے لئے ہم آپ کے بچے سے کچھ سوالنامے پُر کئے جائیں گے جس میں اس کی غذائی عادات، آئیوڈین سے متعلق معلومات اور اس کی ذاتی معلومات (عمر، کلاس) شامل ہونگے۔ یہ پیمائشیں (آئیوڈین کے تجزیے اور سوالنامے) تین مرتبہ کیے جائیں گے۔ مطالعے کے آغاز میں، 4 – 2 ہفتوں کے بعد اور 35 – 26 ہفتوں کے بعد۔

اگر آپ کا بچہ مطالعے میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتا/کرتی ہیں تو آئیوڈین اور آئیوڈین سے متعلقہ بیماریوں کے خطرات کے بارے میں جاننے کا موقع ملے گا۔ اور آپ مطالعاتی مواد کے تجزیے کے بارے میں اپنا حصہ ڈالیں گے۔ جیسا کہ آپ کے اس بارے میں تاثرات۔

## رضاکارانہ شرکت:

مطالعہ میں حصہ لینا یا نہ لینا یہ مکمل طور پر آپ کے بچے کا رضاکارانہ فیصلہ ہے۔ اگر آپ کا بچہ حصہ لینے کا فیصلہ کرتا ہے تو آپ سے رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے کو کہاجائے گا۔ آپ کو شرکت کنندہ کی معلوماتی شیٹ اور رضامندی کے فارم کی ایک کاپی دی جائے گی۔ آپ اس رضامندی کو تحریری یا زبانی طور پر کسی بھی وقت بغیر وجہ بتائے اور بغیر کسی نقصان کے منسوخ کر سکتے ہیں۔

## طریقہ کار:

اگر آپ کا بچہ حصہ لینے پر آمادہ ہوجائیں تو آپ کے بچے کو؛

- مطالعہ کے آغاز میں ایک سوالنامہ بھرنے کے لیے کہاجائے گا۔
- مطالعہ کو ایک یا ایک سے زیادہ کلاسسز میں استاد آئیوڈین سے متعلق معلومات دے گا اور کتابچ، مشق اور اسائمنٹس بھی فراہم کرے گا۔
- مطالعہ کے آغاز کے 2 – 4 ہفتوں اور 26 – 35 ہفتوں بعد ایک سوالنامہ بھرنے کے لیے کہاجائے گا۔
- مطالعہ کے آغاز کے 2 – 4 ہفتوں اور 26 – 35 ہفتوں بعد پیشاب کا نمونہ دینے کو کہا جائے گا۔
- مطالعہ میں آپ کے تجربات پر EUthyroid2 ٹیم کے محقق کی طرف سے آپ سے ایک بار انٹرویو لینے کے لیے رابطہ کیاجا سکتا ہے۔

## سروے / سوالنامہ

ہم آپ کے بچےسے ایک کاغذ یا آن لائن پر مبنی سروے پُر کرنے کے لیے کہیں گے، جو تحقیقی ٹیم فراہم کرے گی۔ سوالنامے میں مثال کے طور پر آپ کی روزمرہ کی غذائی عادات، آپ کی ذات سے متعلق سوالات (مثلاً عمر، تعلیمی سطح) یا آئیوڈین کے بارے میں معلومات شامل ہوں گی۔ سروے تخلص کے ساتھ کیا جاتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ وہ تمام معلومات جو آپ کو ذاتی طور پر شناخت کرنے کے لیے استعمال کی جاسکتی ہیں۔ چھوٹے حروف، بڑے حروف اور ہندسوں کے 8 حروف کے امتزاج سے بدل دی جاتی ہیں۔ (راز داری کے تحت مزید تفصیل دیکھیں)

ڈیٹا کو ایک محفوظ انٹرنیٹ کنکشن کے ذریعے انکرپٹڈ (Encrypted) شکل میں جرمنی میں یونیورسٹی میڈیسن گریفسوالڈ کے زیر انتظام سرور پر منتقل کیاجائے گا۔ EUthyroid2 مطالعہ کے مقصد کے لیے ڈیٹا صرف EUthyroid2 ریسرچ ٹیم کے ذریعے کاروائی اور تجزیہ کیاجائے گا۔ جو صرف تخلص شدہ پرڈیٹا کے علاوہ کوئی ذاتی ڈیٹا نہیں دیکھ سکتے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انفرادی طور پر آپ کو ڈیٹا کا پتہ لگانا ممکن نہیں ہے۔ (رازداری کے تحت مزید دیکھیں)

## انٹرویو: شرکت کنندگان

صحت کی دیکھ بھال کے پیشہ ور افراد Ethyroid2 کی ریسرچ ٹیم اس مطالعے کے کچھ افراد سے رابطہ کرے گی۔ کہ آیا وہ 60 – 30 منٹ طویل انٹرویو میں حصہ لینے کے لئے تیار ہوں گے۔ شرکت کرنے والے60-30 منٹ طویل انٹرویو کا مقصد مطالعہ میں افراد کے تجربات کے بارے میں بصیرت حاصل کرنا ہو گا اور اس طرح اس بات کا اندازہ لگانا ہو گا کہ یہ عملی طور پر کتنا اچھا ہے۔ مثال کے طور پر، اس میں یہ سوالا ت شامل ہو سکتے ہیں ۔کہ آپ کے بچے نے بھرتی کے عمل کا تجربہ کیسے پایا؟معلوماتی مواد کے بارے میں اس کی کیا رائے ہے؟ یا اس کے خیال میں کیا مختلف طریقے سے کیا جانا چاہیئے تھا۔

اگر آپ اور آپ کے بچے کا انٹرویو میں حصہ لینے پر راضی ہیں تو ذمہ دار محقق سوالات کی تیار کردہ فہرست کی بنیاد پر انٹرویو کے ہر مرحلے میں آپ سے احتیاط سے بات کرے گا۔ اگر آپ کا بچہ انٹرویو کے دوران کسی بھی سوال کا جواب نہیں دینا چاہتا تو آپ ایسا کہہ سکتے ہیں۔ اور انٹرویو لینے والا اگلا سوال پوچھے گا۔ انٹرویو کے دوران انٹریو میں کوئی اور وہاں موجود نہیں ہوگا۔ ان میں ہر انٹرویو کا تجزیہ کرنے کے لیے ہر انٹرویو کی آڈیو ریکارڈنگ ہو گی۔ اس کا اطلاق آپ کے ساتھ انٹریو پر بھی ہو گا۔ اگر آپ اس میں شرکت کریں گے توتمام ریکارڈ شدہ معلومات خفیہ رکھی جائیں گی۔ تحقیقی ٹیم کے علاوہ کوئی اور انٹرویو کے دوران دستاویزی معلومات تک رسائی حاصل نہیں کرے گا۔ اگر چہ پورا انٹرویو ریکارڈ کیاجائے گا ۔لیکن ریکارڈ فائل یا آڈیو فائل یا فائل کی نقل پر کوئی شناخت کنندہ نہیں ہو گا۔ جیسے کے نام یا ذاتی معلومات جو آپ کی شناخت کا باعث بنیں۔ اسی طرح سوالنامے کے لیے آپ کو تخلص دیاجائے گا۔ جیسے ایک نمبر، جس سے آپ کی آڈیو فائل اور ٹرانسکرپٹ قابل شناخت ہوں گے۔

آڈیو فائل اور ٹرانسکرپٹ کو ایک محفوظ انٹرنیٹ کنکشن کے ذریعے جرمنی کی یونیورسٹی آف گریفسوالڈ کے ذریعے چلائے جانے والے سرور پر ایک خفیہ شکل میں منتقل کیاجائے گا۔ ڈسلڈورف جرمنی کی Heinrich Heine یونیورسٹی EUthyroid2 پروجیکٹ کا باضابطہ پارٹنر ہے۔ اور اس میں شامل محققین انٹرویو کے ڈیٹاکا تجزیہ کریں گے۔ آڈیو فائل کو مطالعہ کی انتہاتک رکھا جائے گا۔ اور مطالعہ کے اختتام کے بعد حذف کر دیاجائے گا۔ اگر قابل اطلاق ہو تو آڈیو فائلوں کی نقلیں انگریزی زبان میں ترجمہ ہونے کے بعد ڈیٹا کے تجزیہ کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ وہ 10 سال تک محفوظ رہیں گیں۔

## حصہ لینے کے ممکنہ نقصانات اور خطرات کیا ہیں؟

مطالعہ میں حصہ لینے سے شرکاء کو براہ راست کوئی نقصانات نہیں ہیں۔ مجموعی طور پر اس بات کی کوئی واضح وجہ نہیں ہے کہ آپ کے بچے کو مطالعہ میں حصہ لینے سے کوئی نقصان کیوں پیدا ہونا چاہیئے یا تحقیق میں حصہ لینے کے تنیجے میں اسے نقصان ہو سکتا ہے اگر آپ کو یا آپ کے بچے کو اس طرح کی کوئی بھی شکایت ہو تو سب سے پہلے ریجنل منیجمنٹ اور دوسرے نمبر پر اسٹڈی کوارڈینیٹر سے رابطہ کریں۔ مثال کے طور پر ٹیلی فون یا ای میل کے ذریعے ۔(رابطے کی معلومات کے لیے پہلا صفحہ دیکھیں)

## حصہ لینے کے ممکنہ فوائد کیا ہیں؟

آپ یا آپ کے بچے کو براہ راست کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔لیکن اس کی غذا میں آئیوڈین اور صحت سے متعلق معلومات میں اضافہ ہو گا اور آپ کی شرکت سے ہمیں آئیوڈین کی کمی اور آئیوڈین سے متعلقہ عوارض کو روکنے کے بارے میں مزید جاننے میں مدد ملے گی۔ EUthyroid2 کا مقصد صحت عامہ کو بہتر بنانے کے لیے تحقیق کر کے ہمارے معاشروں کی خدمت کرنا ہے۔

## معاوضے:

آپ کے بچے یا بچی کو اس مطالعہ میں حصہ لینے پر کوئی معاوضہ نیہں ملے گا البتہ اس کے پاس موقع ہو گا کہ Poster کے مقابلے یا Raffle میں حصہ لے کر انعام حاصل کرے ۔

## رازداری:

پراجیکٹ کنسورشیم کے یہ تمام ممبران ذاتی ڈیٹا ہینڈلنگ میں یورپی ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن اور (GDPR) کی دفعات کی تعمیل کرنے کے پابند ہیں۔ اور رازداری کے قرض سے مشروط ہیں۔

ذاتی شناختی ڈیٹا کے معاملے میں ہم ذاتی رابطہ ڈیٹا اور اکٹھے کیے گیے مطالعاتی ڈیٹا میں فرق کرتے ہیں۔ ذاتی رابطہ ڈیٹا میں وہ تمام ڈیٹا شامل ہوتا ہے جو آپ کے ذات کی شناخت کرتا ہے۔ مثال کے طور پر پہلا نام /آخری نام، پتہ، تاریخ پیدائش اور ہیلتھ انشورنس نمبرز یا شناختی کارڈ کا نمبرز مطالعہ کے ڈیٹا میں تمام جوابات، سوالناموں اور انٹرویو میں جوابات اور بائیو نمونوں کے تجزیے کے نتائج شامل ہوتے ہیں۔

کمپیوٹر میں جگہ کے لحاظ سے آپ کا ذاتی اور آپ کے بچے کا ڈیٹا (نام، پتہ، کلاس، سکول) الگ الگ محفوظ کیاجاتا ہے۔ انٹرویوز اور امتحانات کے دوران جمع کیا گیا ڈیٹا نام اور پتہ کے ساتھ محفوظ نہیں ہوگا۔ لیکن ایک نمبر کے ساتھ کوڈ کیاجاتا ہے (نام نہاد تخلص)۔ صرف متعلقہ مینجمنٹ کے عملے کو ذاتی طور پر شناخت کرنے والے ڈیٹا تک رسائی حاصل ہے، تمام سائنسی تجزیے تخلص ڈیٹا کے ساتھ کیے جاتے ہیں۔ تمام سائنسی مطالعاتی مرکز سے ڈیٹا کا دوسرے سائنسی گروہوں تک ترسیل بھی تخلصی شکل میں ہوتی ہے۔ اشاعتیں گمنام اور گروہ بند ہیں۔ جیسے کہ ٹیبلز اور گرافیکل شکل میں یا شماریاتی اقدامات کےساتھ مثلاً فیصد اور اوسط۔ آپ کے ذاتی رابطہ ڈیٹا میں تخلص کی تفویض کو حذف کر کے گمنامی حاصل کی جاتی ہے۔ اس کے بعد سروے کا ڈیٹا کسی فرد کو تفویض نہیں کیا جا سکتا اور انفرادی شرکاء کے بارے میں کوئی نتیجہ اخذا نہیں کیا جا سکتا۔

ہم یہ بتانا چاہیں گے کہ یورپی جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) کی بنیاد پر آپ کے ذاتی ڈیٹا کے حوالے سے آپ درج ذیل حقوق کے حقدار ہیں۔

خاص طور پر **رسائی کا حق(آرٹیکل 15 جی ڈی پی آر)**، آپ کو اپنے بارے میں محفوظ کر دہ ڈیٹا کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا حق دیتا ہے۔

**اصلاح کا حق (آرٹ 16 جی ڈی پی آر):** آپ کو اپنے بارے میں غلط ذاتی ڈیٹا کو صحیح کرنے کا حق حاصل دیتا ہے لیکن وہاں جہاں ایسا کرنے کی واضح وجوہات ہوں۔ پروسسنگ کے مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کے پاس اپنا ناکمل ڈیٹا مکمل کرنے کا اختیار ہے۔ جس کے لئے ایک ضمنی بیان فراہم کرنا ہو گا۔

**مٹانے کا حق (آرٹ 17 جی ڈی پی آر):** جہاں مٹانے کی ایک خاص بنیاد لاگو ہوتی ہے وہاں آپ کو اپنے متعلق ذاتی ڈیٹا کو مٹانے کا حق حاصل ہے۔ یہ خاص طور پر اس وقت اگر ذاتی ڈیٹا ان مقاصد کے سلسلے میں مزید ضروری نہیں رہے جن کے لیے وہ جمع کیے گئے تھے یا دوسری صورت میں اس پر کاروائی کی گئی تھی۔

**پروسیسنگ کی پابندی کا حق (آرٹ 18 جی ڈی پی آر):** آپ کو پروسیسنگ کی پابندی حاصل کرنے کا حق ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کی ذاتی ڈیٹا پر کاروائی نہیں کی جائے گی۔ سوائے سٹوریج کے۔

**رضامندی واپس لینا (آرٹ 7 (3) جی ڈی پی آر):** آپ کو کسی بھی وقت اپنی رضامندی واپس لینے کا حق ہے۔

**ڈیٹا پورٹیبیلٹی کا حق (آرٹ 20 جی ڈی پی آر)** آپ کو ذاتی ڈیٹا حاصل کرنے کا حق ہے۔ آپ کے بارے میں ایک منظم، عام طور پر استعمال شدہ اورمشین پرجانے قابل فارمیٹ میں آپ کو ذاتی ڈیٹا کو براہ راست ایک کنٹرولر سے دوسرے کنٹرولر میں منتقل کرنے کا حق ہے جہاں تکنیکی طور پر ممکن ہو۔

**سپروائزری اتھارٹی (آرٹ 77 جی ڈی پی آر):** آپ کے پاس شکایت درج کرانے کا حق ہے۔ آپ کو اپنی معمول کی رہائش گاہ کی ریاست میں نگراں اتھارٹی کے پاس شکایت درج کرنے کا حق ہے۔

پاکستان میں آپ مندرجہ بالا پتے پر شکایات درج کرا سکتے ہیں۔

مرکزی تحقیقاتی ادارہ: (Federal Investigation Agency)
http://complaint.fia.gov.pk
Director KPK Zone
فون: 091-9217801
ای میل: fiakpk1@gmail.com

اگر آپ کو یقین ہے کہ مبینہ خلاف ورزی کی جگہ یونیورسٹی میڈیسن گریفسوالڈ جرمنی ہے، آپ کو شکایت درج کرانے کا حق مندرجہ ذیل ہے۔

ریاستی کمشنر برائے ڈیٹا پروٹیکشن اینڈ فریڈم آف انفارمیشن آف میکلنبرگ ویسٹرن پومیرینیا

Schwerin Castle
Lennéstraße 1
Schwerin 19053
Germany
فون: 0385-59494-0
فیکس: 0385-59494-58
ای میل: info@datenschutz-mv.de

اگر آپ کو لگتا ہے کہ مبینہ خلاف ورزی کی جگہ انسٹی ٹیوٹ آف میرین ریسرچ، برگن، ناروے ہے تو آپ کو شکایت درج کرانے کا حق ہے۔

Datatelsynet
پی او باکس 458 سنٹرم
0105 اوسلو
ناروے

ای میل: postkasse@datatilsynet.no

یونیورسٹی میڈیسن گریفسوالڈ، جرمنی کے ڈیٹا پروٹیشکن آفیسرکا پتہ مندرجہ ذیل ہے۔

پروفیسر Ulf Glende ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر انفارمیشن سیکیورٹی آفیسر
یونیورسٹی میڈیسن Greifswald-kdor
Walther-Rathenau-Straβe 48
Greifswald 17475
فون: 03834-865124
ای میل: datenschutz-umg@med.uni-greifswald.de

انسٹی ٹیوٹ آف میرین ریسرچ، ناروے، برجن کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے اس پر رابطہ کیاجا سکتا ہے۔

personvernombud@hi.no

**رضامندی واپس لینے کا پتہ:**
رحمان محمود خٹک، ڈیپارٹمنٹ آف زوالوجی، اسلامیہ کالج
پشاور پاکستان

**ڈیٹا پروسیسنگ کے لیے ذمہ دار ادارہ:**
رحمان محمود خٹک، ڈیپارٹمنٹ آف زوالوجی، اسلامیہ کالج
پشاور پاکستان

## مطالعہ کا ڈیٹا کون اور کس مقصد کے لیے استعمال کر سکتا ہے؟

مطالعہ کے اعداد وشمار کو پروجیکٹ کنسورشیم کے ممبران سفارشات پیش کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں کہ نوجوان خواتین (18 – 24سال)کی آئیوڈین اور آئیوڈین کی کمی سے متعلق عوارض کے بارے میں سمجھ کو کیسے بہتر بنایا جائے۔ اس کی بنیاد پر صحت عامہ اور متعلقہ شعبوں کے لیے مزید سائنسی سوالات عام لوگوں کے لیے پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ ڈیٹا کو قومی اور بین الاقوامی تعاون کے شراکت داروں کے ساتھ گمنام یا تخلص کے ساتھ بھی استعمال کیاجاسکتا ہے۔ جیسے کہ تحقیق کے مقاصد کے لئے۔ اس کے علاوہ مطالعہ کے اعداد وشمار کو تعلیم تربیت اور مسسل تعلیم کے تناظر میں استعمال کیاجاسکتا ہے۔

## ڈیٹا کتنی دیر تک محفوظ ہے اور کیا آپ ڈیٹا کو حذف کر سکتے ہیں؟

مطالعہ کی تکمیل کے بعد خام ڈیٹا کو 10 سال تک رکھا جائے گا۔ آپ کے پاس کسی بھی وقت یہ اختیار ہے کہ بغیر وجہ بتائے اور بغیر کسی نقصان کے تحریری طور پر مکمل یا جزوی طور پر ذخیرہ کرنے کے لیے اپنی رضامندی منسوخ کر دیں۔ آپ کی منسوخی کی صورت میں، آپ کا ذاتی شناختی ڈیٹا (نام، پتہ وغیرہ) حذف کر دیاجائے گا اور اس طرح آپ کے امتحانی ڈیٹا کو گمنام کر دیاجائے گا۔ اس کے بعد سے مطالعہ کے اعداد وشمار سے آپ کے بارے میں نتیجہ اخذکرنا ممکن نہیں ہے۔ آپ کا مطالعاتی (امتحانی) ڈیٹا حذف نہیں کیا جا سکتا، لیکن اگر آپ چاہیں تو مستقبل کے تجزیوں کے لیے بلاک کر دیاجائے گا۔ منسوخی کی صورت میں آپ کے بائیو میٹریلیز کو تباہ کر دیاجائے گا۔

# حصہ دوئم:
# رضامندی کا سرٹیفکیٹ

میں نے مذکورہ بالا معلومات پڑھی ہیں، یا یہ مجھےپڑھائی گئی ہیں۔ مجھے اس بارے میں سوالات کرنے کا موقع ملا ہے اور مجھ سے جو بھی سوالات پوچھے گئے ہیں ان کا جواب میں مطالعہ کے درج ذیل طریقہ کار میں حصہ لینے کے لیے رضاکارانہ طور پر رضامندی سے دیتا ہوں۔

| **سوالنامہ سروے** | |
|---|---|
| ◯ ہاں | ◯ نہیں |
| **پیشاب کا نمونہ** | |
| ◯ ہاں | ◯ نہیں |
| تبصرے: | |
| تاریخ: | |
| شرکت کنندہ کا پرنٹ نام: | |
| دستخط: | |

| **اگرناخواندہیں:** | |
|---|---|
| میں نے ممکنہ شرکت کنندہ کو رضامندی کے فارم کو درست پڑھتے ہوئے دیکھا ہےا ور فرد کو سوالا ت پوچھنے کا موقع ملا ہے۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ فرد نے آزادانہ طور پر رضامندی دی ہے۔ | |
| تاریخ: | |
| گواہ کا پرنٹ نام: | |
| دستخط: | |
| حصہ لینے والے کے انگوٹھے کا نشان: | |

| رضامندی لینے والے محقق / شخص کا بیان: | |
|---|---|
| میں نے ممکنہ شرکت کنندہ کو معلومات پرچہ درست طریقے سے پڑھایا ہے اور اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ شریک یہ سمجھتا ہے کہ مطالعہ کے مندرجہ بالا رضامندی کے طریقہ کار کو انجام دیاجائے گا۔<br><br>میں تصدیق کرتا ہوں کہ شرکاء کو مطالعہ کے بارے میں سوالات پوچھنے کا موقع دیا گیا تھا اور شرکاء کی طرف سے پوچھے گئے تمام سوالات کے جوابات میری بہترین صلاحیت کے مطابق دیئے گئے ہیں۔<br><br>اس ICF کی ایک کاپی شرکاء کو فراہم کی گئی ہے: | |
| تاریخ: | |
| رضامندی لینے والے شخص کا پرنٹ شدہ نام: | |
| دستخط: | |

## معلومات کی حفاظت:

| ڈیٹا پروٹیکشن قانون کے تحت رضامندی اعلامیہ |
|---|
| مطالعہ میں شرکت کے لیے ایک ضروری شرط ڈیٹا پروٹیکشن قانون کے تحت ڈیٹا پروسیسنگ کے لیے آپ کی رضامندی ہے۔ ڈیٹا پروسیسنگ میں دیگر چیزوں کے ساتھ شامل ہیں۔ ڈیٹا کو جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، ترمیم کرنا، استعمال کرنا اور اسے حذف کرنا۔ |
| میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ میرے ذاتی ڈیٹا ڈیپارٹمنٹ آف زوالوجی، اسلامیہ کالج پشاور پاکستان، کے تعاون سے یونیورسٹی میڈیسن انسٹیٹیوٹ فارکمیونٹی میڈیسن گرائفسوالڈجرمنی کی ذمہ داری کے تحت کاروائی کی جائے گی جیسا کہ انفارمیشن شیٹ میں بیان کیا گیا ہے۔<br><br>○ ہاں ○ نہیں |
| اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ میری رابطے کی تفصیلات (نام، ٹیلی فون نمبر، ای میل پتہ) علاقائی شرکاء کے انتظام میں پروسیس کی جاسکتی ہیں ۔ شریک انتظامیہ کو کسی بھی وقت تخلص شدہ مطالعہ کے ڈیٹا تک رسائی حاصل نہیں ہو گی۔<br><br>○ ہاں ○ نہیں |
| میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ میرے مطالعہ کے اعداد وشمار کو تخلصی شکل میں منتقل کیاجاسکتا ہے اور استعمال کیا جا سکتا ہے جیسا کہ معلوماتی شیٹ میں بیان کیا گیا ہے۔<br><br>• EUthyroid2 کنسوشیم اور تحقیقی مقاصد کے لیے بین الاقوامی تعاون کے شراکت دار (مثلا یونیورسٹی کے ادارے، تحقیقی ادارے)<br><br>○ ہاں ○ نہیں |

| بائیومیٹریل کو جمع کرنے کی رضامندی (پیشاب کے نمونے) |
|---|
| میں اس بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ مجھ سے لئے گئے پیشاب کے نمونے شعبہ زوالوجی، اسلامیہ کالج پشاور کو منتقل کرنے کی اجازت دیتا ہوں، مجھے یہ علم ہے کہ یہ رضامندی نیچے دیئے گئے اعلامیہ کو جو میرے حقوق کے بارے میں ہے کو رد نہیں کرتا۔ میرا بائیومیٹریل 10 سال تک جہاں تک ٹیکنیکی طور پر ممکن ہو، شعبہ زوالوجی اسلامیہ کالج پشاور کی ذمہ داری میں محفوظ رہیں گے۔ جب تک کہ قانون جمع شدہ معیاد کو بدل نہیں دیتا۔<br><br>○ ہاں ○ نہیں |
| میں اتفاق کرتا ہوں کہ میرے پیشاب کے نمونے متعاون اداروں میں تحقیقی مقاصد کے لیے جمع اور استعمال ہو سکتے ہیں۔ جو کہ سائنسی تعاون کے فریم ورک کے تمام قانونی تقاضوں اور متفقہ قوانین جو کہ میری رضامندی سے دیئے گئے ہیں کےمطابق ہوں۔<br><br>○ ہاں ○ نہیں |

| منافع سے متعلقہ شرکت: |
|---|
| میں یہ سمجھتا ہوں کہ میں کسی بھی مالی فوائد، پیمنٹ یا منافع میں کسی معاوضے یا دیگر دلچسپی کا **حق دار نہیں ہوں** جو میرے ڈیٹا اور پیشاب کے نمونوں پر مشتمل تحقیق سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ |

| دستبرداری کا حق: |
|---|
| مطالعہ میں شرکت رضاکارانہ ہے۔ مجھے بغیر کسی وجہ کے اور بغیر کسی نقصان کے کسی بھی وقت مکمل یا جزوی طور پر اپنی رضامندی واپس لینے کا حق ہے۔ |

| دوبارہ رابطہ کی لئے: |
|---|
| مطالعہ میں آپ کی شرکت کے بعد ہم آپ سے دوبارہ رابطہ کرنا چاہیں گے تاکہ آپ کو EUthyroid2 اسٹیڈیز کے اندر مزید مطالعہ کے لیے بھرتی کیا جا سکے۔ |
| اسٹڈیز کے حصے کے طور پر ریسرچ مینجمنٹ کے ذریعے دوبارہ رابطہ کرنے پر۔ EUthyroid2 میں حصہ لینے کے لئے رضامند ہوں۔<br>○ ہاں ○ نہیں |

| | |
|---|---|
| تاریخ: | |
| شرکت کنندہ کا پرنٹ نام: | |
| دستخط: | |

| اگر ناخواندہ ہو: | | |
|---|---|---|
| میں نے ممکنہ شرکت کنندہ کو ڈیٹا پروٹیکشن قانون کے تحت رضامندی کے اعلامیہ کو درست پڑھتے ہوئے دیکھا ہے اور فرد کو سوالات پوچھنے کا موقع ملا ہے۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ فرد نے آزادانہ طور پر رضامندی دی ہے۔ | | |
| تاریخ: | | |
| گواہ کا پرنٹ نام: | | |
| دستخط: | | |
| حصہ لینے والے کے انگوٹھے کا نشان: | | |

| | |
|---|---|
| تاریخ: | |
| رضامندی لینے والے شخص کا پرنٹ نام: | |
| دستخط: | |